پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ
اینڈ ریسرچ سینٹر

# The Humanitarian

A newsletter of Pakistan Kidney and Liver Institute and Research Center

Spring Edition 2021

## میں اَب پِھر سے پڑھ سکوں گی...

میں فیصل آباد سے اقراء راشد ہوں۔ سال 2009 میں، جب میری صحت تیزی سے خراب ہو رہی تھی، تب مجھے معلوم ہوا کہ میرے گردے خراب ہو چکے ہیں۔ مجھے ہر ہفتے 4 بار ڈائلیسس کے تکلیف دہ عمل سے گزرنا پڑتا تھا، اور زندہ رہنے کا واحد راستہ گردے کی پیوندکاری تھی۔ علاج لاکھوں روپے میں تھا اور میری فیملی اتنی بڑی رقم کا بندوبست کرنے سے قاصر تھی۔ بالکل مایوسی تھی اور مجھے اپنی تعلیم بھی چھوڑنی پڑی۔

کسی نے میری فیملی سے پی کے ایل آئی کا ذکر کیا۔ سب سے پہلے، میں اللہ کی شکر گزار ہوں اور پھر پی کے ایل آئی کے تمام ڈاکٹروں، نرسوں اور دیگر عملے کا، جنہوں نے میری بروقت اور موثر دیکھ بھال کی اور مجھے صحت یاب ہونے کے قابل بنایا، حالانکہ ہم نے گردے کے ٹرانسپلانٹ کیلئے ہسپتال کو کچھ بھی نہیں دیا تھا۔ اب، میں ایک نیا سفر شروع کر رہی ہوں اور اپنی تعلیم کا آغاز کروں گی تاکہ میں اپنے خوابوں کی تکمیل کر سکوں۔

شکریہ، پی کے ایل آئی۔




آئیے! اِس رمضان، اپنے عطیات، صدقات و زکوٰۃ سے

دُکھی انسانیت کو صحت مند زندگی کے رنگ لوٹائیں

زکوٰۃ و عطیات دینے کے لیے: +92 42 111 117 554

Account Title: Pakistan Kidney and Liver Institute and Research Center : Name of Bank: The Bank of Punjab
Branch: BOP DHA Phase VI Branch, DHA Lahore : Account Number: 6580008550400049 (Pak Rupees)
IBAN: PK03BPUN6580008550400049



# پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹیٹیوٹ میں عالمی معیار کے مفت علاج کی فراہمی جاری

افتتاح کے بعد سے، پی کے ایل آئی نے مختصر مدت کے دوران 900,000 سے زیادہ علاج معالجے کی سہولیات مریضوں کوفراہم کی ہیں، اس میں سے 90 فیصد مریضوں نے یہ سہولیات مفت یا سبسیڈائزڈ ریٹ پر حاصل کیں، جن میں گردے اور جگر کی پیوند کاری کی 170 سرجریاں بھی شامل ہیں۔ان کے علاوہ، ہیپاٹائٹس سے بچاؤ اور علاج پروگرام (ایچ پی ٹی پی) کے آغاز سے جون 2019 تک 'ہیپاٹائٹس ریلیف' کے لئے 1.5 ملین سے زیادہ خدمات فراہم کی جاچکی تھیں۔

پی کے ایل آئی کے مذکورہ مریضوں کوفراہم کی جانے والی خدمات کی مزید تفصیلات درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| آؤٹ پیشنٹ وزٹ | 187,478 |
| سرجیکل پروسیجرز | 2,356 |
| ریڈیولوجی پروسیجرز | 73,149 |
| نیوکلیئر میڈیسن | 1,501 |
| ڈائلیسس پروسیجرز | 37,151 |
| پیتھولوجی (لیب) ٹیسٹ | 492,430 |
| گردے کا ٹرانسپلانٹ | 132 |
| جگر کا ٹرانسپلانٹ | 40 |
| فارمیسی نسخے | 97,763 |
| یورولوجی اور گیسٹرو پروسیجرز | 5,750 |

ابھی تک، 650 سے زیادہ کورونا وائرس مریضوں کا مفت علاج کیا جاچکا ہے اور وہ الحمدُ للہ صحت یاب ہوکر گھر واپس جا کر معمول کی زندگی گزار رہے ہیں۔ ابھی تک پی کے ایل آئی اینڈ آر سی، کورونا میں مبتلا مریضوں کے مفت علاج پر تقریباً 3 کروڑ روپے خرچ کر چکا ہے۔

اس انسٹی ٹیوٹ کی کامیابی کیلئے ہمارے ڈونرز کی مدد اور تعاون بہت ضروری ہے، کیونکہ یہ مدد ہمارے معاشرے کے مستحق لوگوں کو بہترین طبی خدمات فراہم کرنے کا اہل بناتی ہے، جن پر پہلے ہی بیماری کا بوجھ ہوتا ہے۔ ہم اپنے 90 فیصد مریضوں کو مفت یا سبسیڈائزڈ علاج کی سہولیات فراہم کررہے ہیں۔

آپ سے گزارش ہے کہ اس رمضان اپنی زکوٰۃ وعطیات پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹیٹیوٹ کودیں۔





## الحمد للہ! پی کے ایل آئی کے تمام سٹاف کو کورونا ویکسین کی فراہمی

پی کے ایل آئی نے حالیہ مہلک اور خطرناک وبائی بیماری کورونا سے محفوظ رکھنے کیلئے اپنے تمام سٹاف کو COVID-19 سے بچاؤ کی ویکسین لگا دی۔ ہسپتال کا سٹاف اور خصوصی طور پر میڈیکل سٹاف، جن میں کنسلٹنٹ اور ڈاکٹرز شامل ہوتے ہیں، اس موذی وبائی بیماری کا روزانہ سامنا کرتے تھے۔ یہ ویکسین نہ صرف محفوظ اور موثر ہے بلکہ کورونا وائرس کے خلاف بہترین تحفظ بھی فراہم کرتی ہے۔






# مریض کے علاج کیلئے کفالت پروگرام (سپانسر اے پیشنٹ) (SAP)

سپانسر اے پیشنٹ (ایس اے پی) پروگرام ایک مریض کی کفالت کا ایک جدید پروگرام ہے۔ یہ پروگرام معاشرے کے ایسے تمام افراد کیلئے ہے جو بیمار انسانیت کیلئے درد محسوس کرتا ہے اور عملی طور پر مریضوں کی مدد کر کے بیماری کے خلاف لڑنا چاہتا ہے، اور جو خاص طور پر پاکستان میں گردے اور جگر کی بیماریوں کے بوجھ کے خلاف پی کے ایل آئی کی لڑائی میں حصہ لینے کے لئے تیار ہے۔ اس پروگرام کے ذریعہ معاشرے کے ایسے افراد پی کے ایل آئی کے ایک یا زیادہ مستحق مریضوں کے علاج کی براہ راست ذمہ داری نبھا سکتے ہیں۔ ایس اے پی پروگرام کے ایک ممبر کی حیثیت سے، آپ پی کے ایل آئی کے مستحق مریضوں کے علاج کی کفالت کریں گے، جو بصورت دیگر ایسا علاج برداشت کرنے کے قابل نہ ہوتے۔ بطور سپانسر، پی کے ایل آئی آپ کو مریضوں کی پروفائلز کے ساتھ ساتھ علاج معالجے کے تخمینے کے اعداد و شمار بھی مہیا کرے گا جو آپ مکمل طور پر یا قسطوں کی صورت میں ادا کرسکیں گے۔ آپ علاج کے کسی بھی حصے (صرف مریض یا ڈونر کی دیکھ بھال سمیت) یا علاج کی مکمل لاگت کو کفیل کرنے کا انتخاب کرسکیں گے۔ اگر آپ چاہیں تو، مریض کے علاج کے سلسلے میں، سرجری یا پروسیجر کے بعد اسپتال میں ان سے مل کر، یا انہیں 'Get well soon' یا 'برتھ ڈے' کارڈز بھیج کر بھی اُن کی صحتیابی کی خوشیاں مناسکیں گے۔

## ڈائلیسس کے مریض کی کفالت کریں

جب، گرُدے پوری صلاحیت سے کام نہ کرسکیں تو 'ڈائلیسس' سے علاج ضروری ہے۔ ڈائلیسس ایک مہنگا طبی طریقہ کار ہے اور مریضوں کے گردوں کی نا اہلی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے، ہر ہفتے 1 سے 3 ڈائلیسس کی ضرورت پڑسکتی ہے۔

بیماری کے بوجھ کو دور کرنے کے لئے، پی کے ایل آئی انفیکشن فری ماحول میں کامیابی کے ساتھ ڈائلیسس انجام دے رہا ہے۔ پی کے ایل آئی میں 60 سے زائد جدید ڈائلیسس مشینیں موجود ہیں۔ پی کے ایل آئی کی ٹیم، اب تک ہزاروں ڈائلیسس سرانجام دے چکی ہے، جو یا تو مفت تھے یا پھر انہیں بہت زیادہ رعایت دی گئی تھی۔ آپ ان مریضوں کی مدد کرسکتے ہیں، جو باقاعدگی سے ڈائلیسس پروسیجر کے اخراجات کے متحمل نہیں ہیں۔

### ایک ڈائلیسس کی قیمت

| عام ڈائلیسس | کیتھیٹر ڈائلیسس |
|---|---|
| مریض 5,500 رُوپے | مریض 5,950 رُوپے |

## گرُدے کے ٹرانسپلانٹ کے مریض کی کفالت کریں

ڈائلیسس پروسیجر ان مریضوں کی مدد کرسکتی ہے، جن کے گردے صرف جزوی طور پر کام کررہے ہیں۔ تاہم، گردے کا ٹرانسپلانٹ، مریضوں کیلئے آخری آپشن ہوتا ہے، جو گردوں کی شدید خرابی کا سامنا کررہے ہیں۔ ہسپتال کے افتتاح کے بعد سے، پی کے ایل آئی اینڈ آرسی نے 170 سے زیادہ ٹرانسپلانٹ پروسیجر سرانجام دیئے ہیں جو یا تو مفت تھے یا اِن کی انتہائی کم قیمت وصول کی گئی تھی۔

'گردے کا ٹرانسپلانٹ' ایک بہت ہی مہنگا طبی طریقہ کار ہے اور بین الاقوامی معیار کے مطابق گردوں کے زیادہ تعداد میں ٹرانسپلانٹس کو انفیکشن سے پاک ماحول میں انتظام کرنا، آپ کی مدد کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ براہِ کرم اُن مریضوں کی مدد کریں، جن کیلئے اپنے 'گردے کے ٹرانسپلانٹ' کے اخراجات ادا کرنا ممکن نہیں ہے۔

### ایک گرُدے کے ٹرانسپلانٹ کی قیمت

| مریض | ڈونر | کُل قیمت |
|---|---|---|
| 616,000 رُوپے | 584,000 رُوپے | 1,200,000 رُوپے |

## جگر کے ٹرانسپلانٹ کے مریض کی کفالت کریں

ہسپتال کے آغاز سے ہی، ملک میں ایک کروڑ سے زیادہ 'ہیپاٹائٹس سی' اور 50 لاکھ سے زیادہ 'ہیپاٹائٹس بی' کے مریض پی کے ایل آئی اینڈ آر سی کی ترجیح رہے ہیں۔ ہیپاٹائٹس بی اور سی، جگر کو پہنچنے والے نقصان اور مکمل خرابی کی بڑی وجوہات ہیں، جس سے 'جگر ٹرانسپلانٹ' ہونا ضروری ہو جاتا ہے۔ جگر کی بیماریوں یا فیل ہونے کی دوسری وجوہات میں فیٹی لیور، شراب اور منشیات کا استعمال، ہیموکروومیٹوسس، میٹابولک یا ویسکولر عوارض ہوسکتی ہیں۔ جگر کا ٹرانسپلانٹ ایک فرد کیلئے نہایت پیچیدہ اور مہنگا طبی طریقہ کار ہے۔ ہسپتال میں جگر کے کامیاب ٹرانسپلانٹ کا سلسلہ، انفیکشن سے پاک ماحول میں تیزی سے جاری ہے، اور اس عمل کو جاری رکھنے کیلئے آپ کا بے لوث تعاون درکار ہے۔ براہِ کرم ان مریضوں کی مدد کریں، جو اپنے 'لیور ٹرانسپلانٹ' کے اخراجات ادا کرنے کے متحمل نہیں ہیں۔

### ایک جِگر کے ٹرانسپلانٹ کی قیمت

| مریض | ڈونر | کُل قیمت |
|---|---|---|
| 2,453,000 رُوپے | 1,347,000 رُوپے | 3,800,000 رُوپے |

ہم آپ کو دلی طور پر دعوت دیتے ہیں کہ آپ ہمارے ساتھ اس کارِ خیر شامل ہوں، جب ہم اپنے مریضوں کے ساتھ امید، بحالی، خوشحالی اور خوابوں کی تعبیر کے سفر میں جاتے ہیں۔ براہِ کرم یاد رکھیں کہ قطرے قطرے سے دریا بنتا ہے۔

# سیمینار اور تقریبات




گردوں کی اہمیت اور گردوں کی بیماریوں کے خطرے کو کم کرنے کیلئے 11 مارچ 2021 کو، پی کے ایل آئی اینڈ آرسی نے آگاہی واک کا اہتمام کرتے ہوئے 'گردے کا عالمی دن 2021' منایا۔ ڈاکٹر عارف محمود صدیقی، پی کے ایل آئی اینڈ آرسی کے ڈین (ایکٹنگ)، اور ڈاکٹر حافظ اعجاز احمد، پی کے ایل آئی اینڈ آرسی کے چیئرمین نیفرولوجی اینڈ ڈائریکٹر میڈیکل ایجوکیشن نے شرکاء سے خطاب کیا اور گردے کی بیماریوں کی روک تھام اور بروقت تشخیص پر روشنی ڈالی۔



11 جنوری، 2021 کو، پی کے ایل آئی اینڈ آرسی نے "Building the Builders" کے موضوع پر "پہلا ورچوئل ریسرچ موٹ" منعقد کیا۔ معروف پیشہ ور، جن میں پروفیسر حافظ اعجاز احمد، چیئرمین نیفرولوجی، پی کے ایل آئی اینڈ آرسی؛ ڈاکٹر فاروق اعظم راٹھور، کنسلٹنٹ اور ہیڈ بحالی طب، بحریہ یونیورسٹی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کراچی؛ ڈاکٹر مریم حسن، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کلینیکل ریسرچ آفس، شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اینڈ ریسرچ سنٹر، لاہور؛ اور دیگر طبی پیشہ ور افراد نے حصہ لیا۔ اس موقع پر، ایک ای پوسٹر مقابلہ بھی منعقد کیا گیا اور مقابلہ جیتنے والوں میں ایوارڈ اور سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔

# زکوٰۃ اور عطیات دیجئے

ہم آپ کو دلی طور پر دعوت دیتے ہیں کہ آپ ہمارے ساتھ اس کارِ خیر شامل ہوں، جب ہم اپنے مریضوں کے ساتھ امید، بحالی، خوشحالی اور خوابوں کی تعبیر کے سفر میں جاتے ہیں۔

براہ کرم یاد رکھیں کہ قطرے قطرے سے دریا بنتا ہے۔

## گھر بیٹھے کیش یا چیک بھجوائیں

براہ مہربانی لاہور میں اپنے گھر سے زکوٰۃ، عطیات یا سپانسرشپ کلیکشن کیلئے

+92 321 7554 111 پر وٹس ایپ کریں یا

+92 42 111 117 554 پر کال کریں۔

## بینک کے ذریعے رقم بھجوائیں

آپ درج ذیل دیئے گئے بینک اکاؤنٹ میں اپنی زکوٰۃ، عطیات یا سپانسرشپ براہ راست یا آن لائن جمع کروا سکتے ہیں۔

اکاؤنٹ ٹائٹل: Pakistan Kidney and Liver Institute and Research Center

بینک کا نام: The Bank of Punjab

برانچ: BOP DHA Phase VI Branch, DHA Lahore

اکاؤنٹ نمبر: 6580008550400049 (Pak Rupees)

آئی بی اے این: PK03BPUN6580008550400049

## عطیات بذریعہ کیش / چیک / پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ بھجوائیں

آپ اپنی زکوٰۃ، عطیات یا سپانسرشپ کی رقم ہسپتال وزٹ کر کے یا کراسڈ چیک، پے آرڈر، یا ڈیمانڈ ڈرافٹ بنام "پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹیٹیوٹ اینڈ ریسرچ سینٹر" درج ذیل پتہ پر بھجوا سکتے ہیں۔

مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ، پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹیٹیوٹ اینڈ ریسرچ سینٹر،

1- پی کے ایل آئی ایونیو، بالمقابل DHA فیز 6، لاہور۔

marketing@pkli.org.pk I +92 42 111 117 554 (Ext. 3560)

براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ آپ کے تمام عطیات وزکوٰۃ، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے ٹیکس کریڈٹ انڈر سیکشن 61 کیلئے اہلیت رکھتے ہیں، کیونکہ پی کے ایل آئی اینڈ آرسی ایک منظور شدہ این پی او ہے۔

Published by the Marketing and Philanthropy Department
**Pakistan Kidney and Liver Institute and Research Center**
One PKLI Avenue, Opposite DHA Phase 6, Lahore, Pakistan.
Tel: +92 42 111 117 554 ext. 3560
Email: marketing@pkli.org.pk
www.pkli.org.pk | pklinrc

© 2021 Pakistan Kidney and Liver Institute and Research Center. All rights reserved.
No part of this newsletter may be used in any form without prior written approval from the Marketing and Philanthropy Department.